جامعہ ملیہ اسلامیہ

February 6, 2025

پریس ریلیز

بی پی سی ایل اور یہما میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ کو قابل تعریف ملازمت

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے فخر وانبساط کا احساس ہو رہا ہے کہ بھارت پٹرولیم کارپوریشن لمٹیڈ (بی پی سی ایل) میں دو طلبہ اور یہما موٹر میں جامعہ کے سات طلبہ کا شان دار کیمپس سلیکشن ہوا ہے۔

بی پی سی ایل میں منتخب جامعہ کے دو طلبہ بی۔ٹیک میکانیکل انجینئرنگ سے ہیں جنھیں سالانہ بیس اعشاریہ دس لاکھ کے پیکیج پر رکھا گیا ہے جو انسٹی ٹیوٹ کے لیے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔طلبہ کی یہ کامیابی تعلیمی افضلیت اور انڈسٹری کے لیے تیاری کے سلسلے میں جامعہ کے عہد کو اجاگر کرتی ہے۔اس کے علاوہ یہما موٹر انڈیا نے بھی دوسرے پروگراموں کے سات طلبہ کی بحالی کی ہے۔

ایم ایس ڈبلیو کے ایک طالب علم کو بحیثیت بندوبست زیر تربیت (ایم ٹی) آٹھ اعشاریہ پانچ لاکھ سالانہ کا پیکیج ملا ہے۔

بی۔ٹیک میکانیکل انجینئرنگ کے تین طلبہ کو بحیثیت گریجویٹ انجینئر ٹرینی (جی ای ٹی ایس) سات اعشاریہ پانچ لاکھ سالانہ کے پیکیج پر ملازمت کی پیش کی ہے۔

ڈپلوما میکانیکل انجینئرنگ کے تین طلبہ کو بحیثیت ڈپلوما انجینئر ٹرینیز (ڈی ای ٹیز) تین لاکھ کے سالانہ پیکیج پر بحال کیا ہے۔

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل ہمیشہ اس کے لیے کوشاں رہتا ہے کہ طلبہ کو بہترین تربیت اور ملازمت کے مواقع فراہم کرائے جائیں تا کہ وہ اپنے کیرئیر میں نمایاں کامیابی حاصل کرسکیں۔

ٹریننگ اور پلیسمنٹ ٹیم بشمول پروفیسر راحیلہ فاروقی، پروفیسر صباح خان اور پروفیسر ریحان خان سوری نے منتخب طلبہ کو ان کی شان دار حصولیابی کے لیے مبارک باد دی۔

طلبہ کی کامیابی کا جامعہ فخر سے جشن مناتی ہے اور انھیں کامیاب اور مستقبل میں مرادوں بھرے کیریئر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتی ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی